سوال

سیدہ ام سلمہ کی نبی کریم سے شادی سے پہلے کی دعا ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مجھے وہ دعا بتادیں جو سیدہ ام سلمہ نبی کریم سے شادی ہونے سے پہلے پڑھا کرتی تھیں ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ دعا نبی کریم نے سیدہ ام سلمہ کو سکھلائی تھی ۔ جب ان کے خاوند فوت ہوگئے تو انہوں نے کثرت سے اس دعا کو پڑھنا شروع کر دیا ۔ جس کے بدلے میں ان کی شادی نبی کریم سے ہوگئی ۔ دعا یہ ہے ۔

اِنا للہ واِنا اِلیہ راجعون ، اللھم اٰجرنی فی مصیبتی واٰخلف لی خیرا منہا

(رواہ مسلم 918)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی